Maulana Azad National Urdu University

M.A (Islamic Studies) I Semester Examination - December - 2018

Paper - MAIS101CCT : The Quran and Hadith

پرچہ: قرآن اور حدیث

Time : 3 hrs **Marks : 70**

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. **حصہ اول** میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. **حصہ دوم** میں آٹھ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو (200) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 6 نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. **حصہ سوم** میں پانچ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو(500) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے10 نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال : 1

(i) لفظ تفسیر کس لفظ سے بنا ہے؟

(a) فجر (b) حجر (c) عسر (d) فسرٌ

(ii) قرآن پاک کتنے حروف/مقامی بولی (dailects) میں نازل ہوا؟

(a) پانچ (b) چھ (c) سات (d) آٹھ

(iii) ان میں سے کون عہد رسالت میں تفسیر قرآن کا مصدر تھا؟

(a) اجماع (b) استحسان (c) حدیث (d) عقل

(iv) تفسیر طبری کے مولف کا نام کیا ہے؟

(a) جلال الدین سیوطی (b) امام قرطبی (c) محمد بن جریر (d) عبدالرحمٰن ابن مخلوف

(v) ترجمان القرآن کے مولف کا نام کیا ہے؟

(a) مولانا اشرف علی تھانوی (b) مولانا ابوالاعلیٰ مودودی (c) سید علی نقوی (d) مولانا ابوالکلام آزاد

(vi) حدیث کی اصل عبارت کو کیا کہتے ہیں؟

(a) اثر (b) سند (c) متن (d) بدل

(vii) پیر کرم شاہ ازہری کی تفسیر کا نام کیا ہے؟

(a) تفہیم القرآن (b) ضیاء القرآن (c) فی ظلال القرآن (d) فقہ القرآن

(viii) امام بخاری کی وفات کب ہوئی۔

(a) 870ء (b) 880 ء (c) 890 ء (d) 895 ء

(ix) عام طور پر صحابہ کرامؓ کے قول وعمل کو کیا کہتے ہے۔

(a) سند (b) روایت (c) اثر (d) خبر

(x) تقریر کے اصل معنی کیا ہے۔

(a) خبر دینا (b) برقرار رکھنا (c) روکنا (d) حاصل کرنا

حصہ دوم

2۔ قرآن پاک کی سماجی تعلیمات بیان کیجیے۔

3۔ مولانا مودودی کی حیات اوران کی تفسیر پر روشنی ڈالیے۔

4۔ تفسیر میں اقوال صحابہؓ کی اہمیت پر روشنی ڈالیے۔

5۔ فخرالدین رازی اوران کی تفسیر پر ایک نوٹ تحریر کیجیے۔

6۔ شیخ علی متقی کی خدمات پر جامع نوٹ لکھیے ۔

7۔ صحیح مسلم اوران کے مولف پر ایک مضمون لکھیے ۔

8۔ امام ترمذی کی حیات اوران کی جامع ترمذیؒ پر مختصر مضمون تحریر کیجیے۔

9 ۔ کتب حدیث کے اقسام (صحیح، سنن، جامع، متدرک اور مسند) کی وضاحت کیجیے۔

حصہ سوم

10۔ قرآن پاک کا جامع تعارف نقل کیجیے اور جمع وتدوین پر تفصیل سے روشنی ڈالیے۔

11۔ قرآن پاک کی معاشی اوراخلاقی تعلیمات تحریر کیجیے۔

12۔ مولانا آزاد کی حیات اوران کی تفسیر پر تفصیلی روشی ڈالیے۔

13۔ شیخ صغانی کی حیات اور خدمات پر مضمون لکھیے ۔

14۔ تدوین حدیث اور حدیث کی اہم اقسام بیان کیجیے۔

☆☆☆